Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

الحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۲	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۸ ماہ ذیقعدہ ۱۳۴۳ھ مطابق یکم جون ۱۹۲۵ء	جلد ۳۷

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	رخصت نگران باورچیخانہ جات	۱
۲	اضافہ الاؤنس صاحب سپرنٹنڈنٹ جیل	۲
۳	″ اکاؤنٹنٹ اخبار	″
۴	″ علاقہ دار	″
۵	″ پنشنین پروفیسر صاحب	″
۶	انتظام ریاستی چوبداری اول چپکلار	″
۷	رخصت اوورسیئری اسٹیشن ریلخانہ	″
۸	منسوخی رخصت صاحب اسپیشل مجسٹریٹ	۳
۹	اضافہ ذاتیہ فوجداری	″
۱۰	اضافہ ... عدالت خفیفہ	″
۱۱	منسوخی [illegible]	″
۱۲	رخصت [illegible]	″
۱۳	″ اسسٹنٹ سرجن کے اوقات [illegible]	″
۱۴	″ [illegible]	″
۱۵	″ [illegible]	″
۱۶	اطلاع گمشدگی [illegible]	″
[illegible]	نقشہ وفات [illegible]	ضمیمہ

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۱۹ مئی ۱۹۲۵ء

شنیدہ رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ رخصت پندرہ یوم سید علی وصی نگران باورچیخانہ جات بوجہ علالت۔

حکم

بموجب رپورٹ پندرہ یوم کی رخصت منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

بحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافۂ الاونس

۱۴ر مئی سنہ ۱۹۲۵ء

مثبتۂ رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دربارہ اضافہ روپیہ الاونس موجودہ محمد صاحب سپرنٹنڈنٹ جیل۔

حکم

حسب استدعا صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر سپرنٹنڈنٹ جیل کے موجودہ الاونس میں پچیس ۲۵ روپیہ ماہوار اضافہ جیل سے دیا جانا منظور ہے اب وہ ایکسو روپیہ ماہوار الاونس پائینگے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۱ر مئی سنہ ۱۹۲۵ء

مثبتۂ رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر انہار دربارہ منظوری اضافہ تنخواہ بقدر دس ۱۰ روپیہ سید منظور حسین اکاؤنٹنٹ انہار مشاہرہ ۲۵ بوجہ حسن انجام دہی کام و زیادتی کام۔

حکم

حسب استدعا صاحب سکریٹری بہادر انہار سید منظور حسین اکاؤنٹنٹ انہار کی موجودہ تنخواہ میں دس ۱۰ روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۱ر مئی سنہ ۱۹۲۵ء

مثبتۂ رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر انہار دربارہ منظوری اضافہ مبلغ پانچ روپیہ ماہوار منشی حبیب الرحمن نائب علاقہ دار و عطائے لقب علاقہ داری بوجہ قابل اطمینان خدمت مہارت کام

حکم

حسب استدعا صاحب سکریٹری بہادر انہار منشی حبیب الرحمن نائب علاقہ داری کی تنخواہ موجودہ میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ ہو کر علاقہ دار کے نام سے موسوم کیا جانا منظور ہے۔ آیندہ سے مع الاونس پچاس ۵۰ روپیہ ماہانہ ملینگے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۳ر مئی سنہ ۱۹۲۵ء

مثبتۂ رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دربارہ منظوری

اضافہ ۲۲ روپیہ در تنخواہ سید محمد تقی صاحب پرشین پروفیسر مدرسہ عالیہ بوجہ قابلیت و محنت و کمی تنخواہ۔

حکم

حسب استدعا صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر سید محمد تقی پرشین پروفیسر مدرسہ عالیہ کی تنخواہ موجودہ میں بائیس ۲۲ روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہو۔ احکام ضابطہ جاری ہوں

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

انتظام اسامی

۲۳ر مئی سنہ ۱۹۲۵ء

مثبتۂ رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ انتظام اسامی جواری لال پیشکار سوریخانہ وغیرہ بوجہ جاتے رہنے آنکھوں کے۔

حکم

کاغذات ملاحظہ ہوئے۔ جواری لال پیشکار رصد سوریخانہ وغیرہ مشاہرہ دار تیس ۳۰ روپیہ ماہوار بباعث خرابی چشم کام کے قابل نہیں ہیں۔ انکے جگہ کا حسب ذیل انتظام جس میں تین ۳ روپیہ کی بچت ہے بموجب رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر منظور ہو

۱۔ جواری لال کو بوجہ ملازمت دیرینہ و معذوری چشم دس ۱۰ روپیہ ماہوار پنشن ملا کریں۔ ۲۔ عتیق الرحمن خان مشاہرہ دار ستر ۷ روپیہ ماہوار با اضافہ پانچ روپیہ ماہوار بجائے جواری لال پیشکار مقرر کیا جائے بارہ ۱۲ روپیہ تنخواہ پائیگا۔

۳۔ اور برہما سروپ بجائے عتیق الرحمن خان ماہوار مشاہرہ بارہ ۱۲ روپیہ ماہوار مقرر کیا جائے۔ اس انتظام میں تین روپیہ کی بچت رہتی ہے۔ حسب رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۲۶ر مئی سنہ ۱۹۲۵ء

مثبتۂ یادداشت صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت تیس ۳۰ یوم ڈپٹی انسپکٹر صاحب تعلیمات من ابتدائے ۲۲ر جون سنہ ۱۹۲۵ء بغرض روانگی وطن بنابر ضروریات نجی۔

حکم

بموجب رپورٹ رخصت تیس ۳۰ یوم من ابتدائے ۲۲ر جون سنہ ۱۹۲۵ء منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

منسوخی رخصت

۱۴ مئی سنہ ۱۹۲۵ء

مثبتہ تحریر صاحب مجسٹریٹ بہادر ضلع در بارہ منسوخی رخصت بست یوم سید اعجاز علی صاحب اسپیشل مجسٹریٹ بوجہ عدم استعمال جو بحکم ۱۱ مئی سنہ ۱۹۲۵ء منظور ہوئی ہے۔

حکم

احکام منسوخی رخصت جاری ہون۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۳ مئی سنہ ۱۹۲۵ء

مثبتہ یادداشت صاحب چیف مجسٹریٹ ضلع در بارہ اضافہ تنخواہ منشی مشتاق علی خان اہلمد عدالت فوجداری ضلع

حکم

حسب تصدیق صاحب چیف مجسٹریٹ سائل کی تنخواہ مین تین روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔ احکام ضابطہ جاری ہون

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۳ مئی سنہ ۱۹۲۵ء

مثبتہ یادداشت صاحب جج خفیفہ در بارہ اضافہ تنخواہ منشی گیندن لال ناظر عدالت خفیفہ بوجہ مستعدی کام۔

حکم

حسب سفارش صاحب جج خفیفہ منشی گیندن لال ناظر خفیفہ کی تنخواہ مین تین روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

منسوخی رخصت

۲۳ مئی سنہ ۱۹۲۵ء

مثبتہ رپورٹ صدر رجسٹرار صاحب باستدعاء منسوخی رخصت صابر علی خان محرر رجسٹری۔

حکم

چونکہ صابر علی خان رخصت کو منسوخ کراتا ہے۔ لہذا احکام منسوخی رخصت جاری ہون۔ صابر علی خان بدستور اپنا کام کرے

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۵ مئی سنہ ۱۹۲۵ء

مثبتہ تحریر صاحب چیف میڈیکل افسر متعلقہ رخصت مزید ڈاکٹر محمد بخش مامور شفاخانہ سوار۔

حکم

حسب تحریر چیف میڈیکل افسر صاحب ڈاکٹر محمد بخش متعینہ شفاخانہ سوار کی مزید رخصت ایک ماہ ۲۴ مئی سنہ ۱۹۲۵ء سے بوضع تنخواہ منظور ہو۔ احکام ضابطہ جاری ہون

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۷ مئی سنہ ۱۹۲۵ء

حسب منشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم وبحکم احکام منظوری رخصت ایک ہفتہ صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول کے فوراً جاری ہون۔ ایام رخصت مین صاحب چیف مجسٹریٹ کام کا انتظام فرما دین

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب فائننشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۰ مئی سنہ ۱۹۲۵ء

مثبتہ تحریر بخشی صاحب فوج بابتہ منظوری رخصت مزید دو ماہ سید ابوالحسن اہلمد بخشیگری بعوض سید محمد احسن۔

حکم

۱۴ مئی سے حسب تحریر بخشی صاحب فوج۔ سید ابوالحسن اہلمد کی دو ماہ کی رخصت بعوض محمد احسن منظور کیجاتی ہے۔ سید ابوالحسن کو [illegible] تنخواہ ملتی ہے اُن [illegible] ماہوار مین سے [illegible] ماہوار زمانہ عوض مین محمد احسن عوض کو ملین اور [illegible] ماہوار باقیماندہ سید ابوالحسن کو ملین۔ بغرض اجرائے احکام صدر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب فائننشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت و تجارت

رخصت

۱۹ مئی سنہ ۱۹۲۵ء

مثبتہ تحریر میونسپل افسر صاحب در بارہ منظوری رخصت مزید سہ ماہ بوجہ علالت سے محمود رضا خان محرر چونگی بسلسلہ سابقہ

وبحروف باسط رضا خان

حکم

حسب رپورٹ میونسپل افسر صاحب رخصت علالت بعوض تنخواہ
بغرض اجراے احکام صدر کو مرسل ہو۔
دستخط صاحب سکریٹری بہادر ثبت حروف

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہو گئی ہین ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہی۔ اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھائیے۔ خود بھی خرید فرما کر پڑہیے۔ اور احباب کو دکھائیے۔

قول شافی- یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہی۔ اسکی عمدگی اس کے نام سے ظاہر ہی۔ جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہی۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ۱۲/ ہی

التوحید- یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہی۔ اس مین خداوند عالم کے وجود اسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہی۔ اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک ۱۲/ ہی

خصائص معاویہ- یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول جامع حامدی کے متعلقات مین ہی۔ جو دراصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہی بعض مطالب کا اسمین اضافہ کیا گیا ہی قیمت علاوہ محصول ڈاک عہ ہی

جسقدر نسخے مطلوب ہون درخواست منصرم صاحب کتب خانۂ سرکاری کی خدمت مین ارسال فرمائیے۔

ذو الفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا۔

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۲۵ لغایت ۳۱ مئی ۱۹۲۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ٹانک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۰۷ر		۱۰/۷ر	۱۰۷ر	۱۰۷ر	۱۰۷ر	
نخود خالص	۸ر		۸ر	۹ر	۸ر	۸ر	
نخود آمیز	۱۰۸ر		۹ر	۹ر	۱۰۸ر	۱۰۸ر	
کسیر	۱۰۵ر		۹ر	۹ر	۱۰۹ر	۹ر	
ماش	۶ر		۶ر	۶ر	۶ر	۶ر	
مونگ	۶ر		۰	۰	۰	۶ر	
مکئی	۸ر		۰	۰	۱۰ر	۰	
جو	۱۰۹ر		۱۰ر	۱۱ر	۱۰ر	۱۰/۱۰ر	
گوجی	۰		۱۰۸ر	۸ر	۱۰ر	۸ر	
عدس	۸ر		۱۰ر	۱۰ر	۸ر	۰	
ارہر	۱۰ر		۱۱ر	۰	۱۲ر	۰	
برنج	۳ر		۳ر	۱۰۳ر	۳ر	۱۰۳ر	
روغن زرد	۵ چھٹانک		۰ر	۰ر	۰ر	۰ر	
روغن سیاہ	۱/۱ر		۱/۱ر	۱ر	۱ر	۱ر	
روغن [illegible]	۱ر		۰	۱ر	۱ر	۱ر	
نمک لاہوری	۰		۱۰۱۱ر	۱۰ر	۱۱ر	۱۱ر	
نمک سیوری	۶ر		۶ر	۵ر	۰	۴ر	
قند سیاہ	۳ر		۳ر	۳ر	۳ر	۳ر	
[illegible]	۱۰۲ر		۰	۰	۰	۰	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور